**08/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل اندرابی سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

***........ وزیر داخلہ امت شاہ نے راج بھون سرینگر میں دو الگ الگ میٹنگوں کے دوران جمونو کشمیر کے مجموعی سلامتی صورتحال اور ترقیا تی منظر نامے کا لیا جائزہ۔**

***........ پردھان منتری مدرا یوجنا کے 10سال مکمل// سکیم لوگوں کے معیار حیات میں مثبت بدلاؤ لانے میں کلیدی اہمیت کی حامل// وزیر اعظم نریندر مو دی۔**

***........ جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی میں آج دوسرے روز بھی وقف ترمیمی ایکٹ معاملے کو لیکر احتجاج اور ہنگامہ آرائی۔**

**اور**

***........ آرمی آڈیننس کور کا250وانیوم تاسیس آج۔**

**امت شاہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ نے جمونو کشمیر سے دہشت گردی کا مکمل طور خاتمہ کرنے اور سرحد پار کی در اندازی کو روکنے کےلئے اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ وہ آج راج بھون سرینگر مینیونیفائیڈ ہیڈ کواٹرس کی ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر کی مجموعی سلامتی صورتحال کا جائزہ لے رہے تھے۔ اس موقعے پر انہوں نے3جولائی سے شروع ہونے والی شری امر نا تھ جی یاترا سے متعلق سلامتی انتظامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن، فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی کے علاوہ فوج،سی آر پی ایف، بی ایس ایف، پولیس، سراغ رساں ایجنسیوں اور انتظامیہ کے کئی اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔ اس سے پہلے ایک اور میٹنگ کے دوران وزیر داخلہ نے جمونو کشمیر میں جا ری ترقیاتی پروجیکٹوں کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔ انہوں نے بنیادی ڈھانچے اور بہبودی کے کئی پروجیکٹوں کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔**

**امت شاہ نے جمونو کشمیر انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے عمل میں تیزی لانے، سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے ، سڑک رابطوں کو بہتر بنانے اور فلاحی**

سکیموں کی موثرعمل آوری کی طرف توجہ مر کوز کریں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت جمونو کشمیر کی تیز تر اور شمولیاتی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ اس میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، و زیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ اس سے پہلے وزیر داخلہ جو ان دنوں جمونو کشمیر کے دورے پر ہے، کل شام سرینگر پہنچے۔ ہوائی اڈے پر ایل جی منوج سنہا ،و زیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، سینئر بی جے پی لیڈر اور جمونو کشمیروقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے وزیر داخلہ کا استقبال کیا۔ تین روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر داخلہ آج شام واپس نئی دلی روانہ ہو رہے ہیں۔

## علیحدگی پسندی

جموں وکشمیر میں تین مزید تنظیموننے علیحدگی پسند حریت کانفرنس سے لا تعلقی کا اظہار کیا ہے۔ ان میں جمونو کشمیر اسلامک پولٹیکل پارٹی، جمونو کشمیر مسلم ڈیموکریٹک لیگ اور کشمیر فریڈم فرنٹ شامل ہے۔ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ امت شاہ نے اس فیصلے کا خیر مقدم کر تے ہوئے کہا کہ اس سے ملک کے آئین میں لوگوں کے بھروسے کی عکاسی ہو تی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کے متحد اور مضبوط بھارت کے نظریے کو تقویت حاصل ہو رہی ہے اور اب تک11تنظیموں نے علیحدگی پسندی کو رد کر دیا ہے۔

## فوجی سربراہ

چیف آف آرمی سٹاف جنرل اوپیندر دِویدی نے آج سرینگر کا دورہ کر کے مجموعی سلامتی صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہیں چنار کور کے GOC لیفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستوا نے سلامتی اور دیگر امور کے بارے میں تفصیل سے جانکاری دی۔ فوجی سربراہ نے فارمیشن کمانڈروں کے ساتھ بھی بات چیت کی اور سلامتی صورتحال سے جڑے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے پُر عزم طریقے پر پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو مظاہرہ کرنے کےلئے فوج کے تمام افسروں اور اہلکاروں کی تعریف کی۔

## یوم تاسیس

آج آرمی آڈیننس کور کا250واں یوم تاسیس ہے۔ فوج کے چنار کور کے GOC لیفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستو انے اس دن کے موقعے پر آرمی آڈیننس کور کے تمام افسروں، اہلکاروں، سابقہ فوجیوں اور انکے کنبوں کو مبارکباد دی ہے۔ GOC نے آرمی آڈیننس کور کے بے مثال کام کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے اپنی ڈیوٹی کے دوران جانوں کی قربانیاں پیش کرنے والے بہادر فوجیوں کو خراج عقیدت ادا کیا ۔

## وزیر اعظم مدرا

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ پر دھان منتری مدرا یوجنا لوگوں کی زند گیوں میں مثبت بدلاؤ لانے اور انکے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔ پردھان منتری مدرا یوجنا فلیگ شپ سکیم کے 10سال مکمل ہونے کے موقعے پر آج اپنی رہائش گاہ پر اس سکیم

کے مستفیدین سے بات کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اس پہل سے ان لوگوں کو بااختیار بنانے میں مدد ملی ہے جو پہلے نظر انداز ہوا کر تے تھے۔ انہوننے کہا کہ بھارت کے لوگوں کےلئے کچھ بھی نا ممکن نہیں ہے۔

----(PM)--Byte------

انہوں نے کہا کہ سکیم کے مستفیدین میں 70فیصد خواتین ہیں جن میں سے قریب50فیصد شیڈول کاسٹ،شیڈول ٹرائب اور دیگر پسماندہ زمروں کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوجنا کے تحت چھوٹے اور انتہائی چھوٹے کارخانہ داروں کو بلا کسی ضمانت 20لاکھ روپے تک کے قرضے فراہم کئے جا تے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے10برسوں کے دوران 32 لاکھ 60 ہزار کروڑ روپیوں پر مشتمل52کروڑ قرضے واگذار کئے گئے۔

مدرا

وزیر داخلہ امت شاہ اور سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے مدرا سکیم کے دس سال مکمل ہونے پر اپنے الگ الگ پیغامات میں کہا ہے کہ اس سکیم کی بدولت لاکھوں کی تعداد میں ابھرتے ہوئے کا رخانہ دار مستفید ہوئے ہیں اور آج یہ کار خانہ دار وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کر رہے ہیں۔

مدراJK

جمونو کشمیر نے بھی پر دھان منتری مدرا یوجنا کے تحت قرضوں کی واگذاری میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے اور اس حوالے سے جمونو کشمیر کو تمام یوٹیز میں پہلا مقام حاصل ہے۔ Ashutoshسکیم کے تعلق سے جب ہم نے جمونو کشمیر بینک میں جنرل منیجر کریڈٹ کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔ Sareen

اسمبلی

جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی میں آج لگا تار دوسرے روز کی کاروائی بھی وقف ترمیمی ایکٹ معاملے پر ہنگامہ آرائی، احتجاج و نعرے بازی کی نَذرہو گئی ۔ نیشنل کانفرنس اور اتحاد ممبران کی طرف سے ایکٹ پر بحث کے مطالبے کو لیکر احتجاج کی وجہ سے دو مرتبہ سپیکر کو کاروائی روکنا پڑی اور پھر تیسری مرتبہ دن بھر کےلئے کاروائی ملتوی کر دی گئی ۔

رحیم راتھر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایوان میں وقف ترمیمی ایکٹ پر بحث کےلئے تحریک التواؤں کو رد کرنے کے فیصلے کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوانین کی رو سے ایسا کرنا ممکن نہیں۔ جموں میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کر تے انہوں نے کہا۔

**بریک**

**یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن**

**منشیات**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔اس تعلق سے جب ہم نے ایک معروف گلوکارا ڈاکٹر شائستہ احمد کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا**

**گرفتاری**

**منشیات کے خلاف اپنی کاروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے باشنار اننت ناگ میں مظفر احمد شاہ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ اسی طرح کی ایک اور کاروائی میں شہل بٹینگو میں پولیس نے خیام احمد بٹ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ ان دونوں کے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہیں۔**

**جتیندر سنگھ**

**سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج ادھمپور ضلعے کے نتھا ٹاپ علاقے میں بھارت کے پہلے اور دنیا کے اپنی نوعیت کے دوسرے” کلائیمیٹ چینج سٹیشن“ کا افتتاح کیا۔ یہ سٹیشن وزارت ارتھ سائنسز کی طرف سے تیار کیا گیا ہے۔ اس موقعے پر جمونو کشمیر کے سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما بھی موجود تھے۔**

**NC**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے اور لوگوں کی راحت رسانی کےلئے ریاستی درجہ بحال کرنا ضروری ہے۔ حلقہ انتخاب پانپور کے کارکنوں سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہاکہ ریاستی درجہ بحال کئے جانے سے ہی حکومت موثر طریقے پر کام کر پائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس جمونو کشمیر کا خصوصی درجہ بحال کرنے کےلئے بھی جد و جہد جا ری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ انکی پارٹی روزِ اول سے ہی وقف ترمیمی بل کی مخالفت کرتے آئی ہے اور وہ آج بھی اسے مسترد کر تی ہے۔**

جی ایم شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے دورہ

---

جمونوکشمیر کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے خطے میں امن اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کٹھوعہ کا دورہ کر کے وہاں ذاتی طور زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کےلئے امت شاہ کا شکریہ ادا کیا۔

اطلاع

زیرو ویسٹ ۔ سالڈ اینڈ لیکویڈ ویسٹ منیجمنٹ فار سسٹینبل ڈیولپمنٹ موضوع کے تحت آکاشوانی نیوز سرینگرکا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر کیا جائے گا۔

پروگرام کی مہمان شخصیت سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ ہیں۔ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر۔

چناؤ

الیکشن کمیشن آف انڈیانے نگروٹہ اور بڈگام اسمبلی حلقوں کےلئے چناؤ فہرستوں کی نظر ثانی کا عمل شروع کیا ہے۔ چیف الیکٹورل آفیسر جمونو کشمیر نے ان دو حلقوں کے اہل ووٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ ڈرافٹ رولز میں اپنی تفاصیل اپ ڈیٹ کر کے چناؤ عمل میں شرکت کو یقینی بنائیں۔

چیف جسٹس

جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس تاشی ربستان نے آج جے اینڈ کے جوڈیشل اکیڈیمی جانی پور میں کمپیوٹر ہنر مندی سے متعلق ایک روزہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر عدالت عالیہ کے کئی جج صاحبان اور عدلیہ سے جڑی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

سریکلچر

ڈائریکٹر سریکلچر جمونوکشمیر اعجاز احمد بٹ نے آج بانڈی پورہ سے توت کے درختوں کی پہلی کھیپ کو گریز اور تُلیل کےلئے روانہ کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ محکمہ دوردراز اور سرحدی علاقوں میں سریکلچر سرگرمیوں کو بڑھاوا دینے کےلئے ہر ممکن اقدامات کررہا ہے۔

## ہیکا تھن

Extendedملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے2ہزار2سو شرکاءپر مشتمل کریئٹر ہیکا تھن اب اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ اس کا اہتمامReality Wavelaps نے وزارت اطلاع و نشریات کے تعاون سے کیا ہے اور یہ ہیکا تھن ممبئی میں یکم مئی سے چار مئی تک منعقد ہونے والے ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ کا ایک حصہ ہے۔

## دورہ

دبئی کے ولی عہد، نائب وزیر اعظم اورمتحدہ عرب امارات کے وزیر دفاع شیخ حماد بن محمد المختوم بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلی پہنچ گئے ہیں۔ وزیر مملکت سریش گوپی نے نئی دلی ہوائی اڈے پر انکا خیر مقدم کیا۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی بار ش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت22اعشاریہ8ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر8منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر58منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

……………………………..

………………..

………..